فروری 2025ء میں کاشتکاروں کے لیے زرعی مشورے

ماہ جنوری کے دوران ملک کے بیشتر زرعی میدانوں میں موسم سرد اور خشک رہا۔فروری میں بھی معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں اور درجہ حرارت معمول سے زیادہ (۱-۲°C) رہنے کا امکان ہے۔

ماہ فروری کے دوران کسان حضرات سے مندرجہ ذیل گزارشات کو ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے -

۱۔ معمول سے کم بارشیں ہونے کے باعث اچھی پیداوار کے لئے فصل کی ضرورت کے مطابق وقفے وقفے سے آبپاشی کا بندوبست کریں۔ساتھ ساتھ کیمیائی ادویات وغیرہ کا بھی خاص خیال رکھا جائے۔تاکہ اچھی پیداوار حاصل ہو سکے۔

۲۔ فصل میں جڑی بوٹیوں کی موجودگی پیداوار میں کمی کے علاوہ دیگر منفی اثرات کا باعث بھی بنتی ہے لہذا اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لیے ان جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لیے فصل پر زہریلی ادویات کا سپرے کریں۔ تیز ہوائوں یا بارش کی صورت میں سپرے ہر گزنہ کریں اور محکمہ زراعت کے مشورے پر عمل کریں۔

۳۔ماہ فروری میں بتدریج درجہ حرارت میں اضافے کے ساتھ ساتھ فصلوں کی نشوونما بھی تیز ہوتی جائے گی۔گندم کی فصل سٹہ نکالنے کے مرحلہ پر پہنچ رہی ہو گی۔اس مرحلہ میں پانی کی کمی فصل کی پیداوار کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔اس لئے ضروری ہے کہ اس دورانیئے میں فصل کو اچھی طرح سیراب کریں۔

کسان حضرات موسمی حالات سے متعلق مزید معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔جن کا پتہ درج ذیل ہے۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو،اسلام آباد۔فون نمبر:051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔ بکس،1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو،اسلا آباد۔فون نمبر:4- 9250363 -051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ،راولپنڈی۔فون نمبر:051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر،ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر،ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔فون نمبر: 022-9250558

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر،ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔فون نمبر: 081-9211211

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ www.pmd..gov.pk ملاخطہ فرمائیں۔